سوال

(844) غیر محرم کے دینی تعلیم حاصل کر سکتی ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

طالبات کے مدرسوں میں پڑھنے والی لڑکیاں بغیر محرم کے دینی تعلیم حاصل کر سکتی ہیں؟ (ملک محمد یعقوب)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خاوند یا محرم کے بغیر عورت کو سفر کرنے سے منع فرمایا ہے۔ متفق علیہ

[''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی عورت اپنے محرم رشتہ دار کے بغیر سفر نہ کرے اور کوئی شخص کسی عورت کے پاس اس وقت تک نہ جائے جب تک وہاں ذی رحم محرم موجود نہ ہو، ایک شخص نے پوچھا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم 1 میں تو فلاں لشکر میں جہاد کے لیے نکلنا چاہتا ہوں لیکن میری بیوی کا ارادہ حج کا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلمنے فرمایا کہ تو اپنی بیوی کے ساتھ حج کو جا۔'']1 ۱۴۲۱،۱۰،۷ھ

1 صحیح بخاری، کتاب جزاء الصید، باب حج النسآئ۔

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02 ص802

محدث فتویٰ